تبصرے

خطبات جمعہ یا خطبات موعظت | از مولانا ابو الناصر عبیدی تقطیع متوسط ضخامت ۳۶۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپیہ آٹھ آنہ پتہ:۔ کتاب گھر بڑی مسجد کراس بنگلور نمبر ا

مسلمانوں کو دینی تعلیمات و مسائل سے باخبر کرنے کا وقت نماز جمعہ کے خطبہ کا وقت ہے کیونکہ جس مسلمان میں ذرا بھی دینی حمیت اور اسلامی اوامر و نواہی کا پاس ہے وہ کچھ اور نہیں تو کم از کم نماز جمعہ ضرور پڑھتا ہے لیکن افسوس ہے کہ اس راہ میں ایک بڑی رکاوٹ تو یہ ہے کہ خطبہ کی زبان عربی ہوتی ہے اور امام صاحب خود اس کے معنی سمجھے بغیر اسے جوں کا توں پڑھ دیتے ہیں چنانچہ اکثر مساجد میں دیکھنے میں آیا ہے کہ امام صاحب نے وہی خطبہ پڑھا ہے جس میں سلطان ترکی کا نام آیا ہے اور ان کی سلطنت کی بقا کے لئے دعا کی گئی ہے پھر چونکہ بعض علما کے نزدیک غیر عربی میں خطبہ پڑھنا چونکہ ممنوع ہے اس لئے اگر کوئی صاحب وعظ و ارشاد کی باتیں خطبہ میں بیان کرنا بھی چاہیں تو لامحالہ عربی میں ہی بیان کریں گے اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ عام مسلمانوں کو اس سے ذرا فائدہ نہ ہوگا۔ اسی خلا کو پر کرنے کے لئے مولانا ابو الناصر عبیدی نے یہ مجموعہ تیار کیا ہے جس میں ماہ محرم الحرام سے لے کر ماہ جمادی الثانیہ تک چھ مہینوں میں سے ہر مہینہ کے ہر جمعہ کے لئے الگ الگ خطبہ لکھا ہے اور ہر خطبہ میں مہینہ اور دن کی مناسبت سے دین کے مختلف احکام دلائل و براہین کے ساتھ دلچسپ اور عام فہم اردو زبان میں لکھے ہیں یہ صرف چھ مہینوں کے خطبات ہیں باقی خطبات غالباً کتاب کی دوسری جلد میں لکھے جائیں گے بہرحال پیش نظر خطبات میں دین کے فضائل یوم عاشورا۔ ترغیب اتباع سنت و تقبیح بدعات۔ علم دین کی فضیلت۔ عقائد اور ان کی تشریح۔ احکام طہارۃ جمعہ اور جماعت کی اہمیت کی فضیلت۔ اولاد۔ زوجین اور والدین کے